# میرا پناہ گزینی کا دعویٰ

کینیڈا میں پناہ گزینی کا دعوی
کرنے کے لیے آپ کا ہدایت نامہ



آگہی کا کتابچہ

مارچ 2025

Urdu | ourdou | اردو

# اس آگہی کے کتابچے کے بارے میں جانیئے

## مقصد

آپ کو پناہ گزینی کے دعوے کے عمل کے دوران فوری ضروریات اور مسائل حل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے، جیسے کہ:

# اس آگہی کے کتابچہ کو استعمال کرنے کا طریقہ



اس آگہی کے کتابچے کو درج ذیل معلومات سمجھنے کے لیے استعمال کریں:

- آپ پناہ گزینی کے دعوے کے کس مرحلے میں ہیں
- کون آپ کی مدد کر سکتا ہے
- اگلے مراحل کے لیے خود کو کیسے تیار کرنا ہے

یہ کتابچہ تفصیلی معلومات دینے کے لیےQR کوڈز کا استعمال کر کے آپکو www.myrefugeeclaim.ca کی ویب سائٹ پہ لے جاتا ہے۔



# QR کوڈز کا استعمال کیسے کرنا ہے

QR کوڈ کو اسکین کرنے کے لیے اپنے اسمارٹ فون پر کیمرہ یا کیو آر کوڈ ایپ کا استعمال کریں۔ لنک پر کلک کریں، اور آپ www.myrefugeeclaim.ca کے درست صفحے پر چلے جائیں گے.

# مواد


مخففات 2

اپنا پناہ گزینی کا دعوی شروع کرنے سے پہلے... 3

پناہ گزینی کے دعوے کا طریقہ کار کیا ہے؟ 5

کیا میں پناہ گزینی کا دعوی کر سکتا ہوں؟ 6

میں وکیل یا قانونی نمائندہ کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟ 9

میں ہوائی اڈے، بندرگاہ، یا سرحدی (داخلے کے مقام) پر پناہ گزینی کا دعوی
کیسے کر سکتا ہوں؟ 10

اگر میں پہلے سے کینیڈا میں ہوں (اندرونِ ملک) تو پناہ گزینی کا دعویٰ کیسے کروں؟ 11

میں اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی سماعت کی تیاری کیسے کروں؟ 12

میں اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی سماعت کے دوران کن باتوں کی توقع رکھ
سکتا ہوں؟ 14

مجھے کب اور کیسے معلوم ہوگا کہ میرا دعوی قبول ہو گیا ہے؟ 16

اگر مجھے حراست میں لے لیا گیا تو کیا ہوگا؟ 18

وہ اقدامات جو میں اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی منظوری کے لیئے لے سکتا ہوں 19

میرے پناہ گزینی کے دعوے کی اہم تاریخیں اور حتمی وقت 23

# مخففات

**BOC**

بنیادی کلیم Basis of Claim |

**CBSA**

کینیڈا بورڈر سرویسز ایجنسی Canada Border Services Agency |

**IME**

امیگریشن کے لیے طبی معائنہ |Immigration Medical Exam

**IRB**

امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا Immigration and Refugee Board of Canada |

**IRB-IAD**

Immigration and Refugee Board of Canada – Immigration Appeal Division |
امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا – امیگریشن اپیل ڈویژن

**IRB-ID**

Immigration and Refugee Board of Canada – Immigration Division |
میگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا – امیگریشن ڈویژن

**IRB-RAD**

Immigration and Refugee Board of Canada – Refugee Appeal Division |
امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا – ریفیوجی اپیل ڈویژن

**IRB-RPD**

Immigration and Refugee Board of Canada – Refugee Protection Division |
امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا – ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن

**IRCC**

Immigration, Refugees and Citizenship Canada |
امیگریشن، ریفیوجی اینڈ سٹیزنشپ کینیڈا

**RPID**

Refugee Protection Identity Document |
ریفیوجی پروٹیکشن اڈنٹیٹی ڈاکومنٹ

## اپنا پناہ گزینی کا دعوی شروع کرنے سے پہلے...

### شاید آپ اپنے ملک میں مشکل حالات میں تھے۔

آپ سوچ رہے ہیں کہ کیا کینیڈا آپ کو پناہ گزینی کا تحفّظ دے سکتا ہے۔

کینیڈا میں پناہ گزینوں کے تحفظ کا ایک نظام ہے جو، اپنے آبائی ملک میں خطرناک حالات کا سامنا کرنے والے لوگوں کو، کینیڈا میں رہنے کے لیے درخواست دینے کی اجازت دیتا ہے۔

کینیڈا میں پناہ گزینی کا تحفظ مانگنے کو پناہ گزینی کا دعوی کرنا کہا جاتا ہے۔ ہر پناہ گزینی کا دعوی کرنے والے کو پناہ گزینی کا تحفظ نہیں ملتا۔ اگر آپ کو پناہ گزینی کا تحفظ دے دیا جاتا ہے تو آپ کینیڈا میں رہ سکتے ہیں اور مستقل رہائشی بننے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

### شاید آپ سوچتے ہوں کہ آپ کے ساتھ پیش آنے والے حالات آپ کو پناہ گزینی کے تحفّظ کا مستحق بناتے ہیں۔

ہر شخص کا تجربہ منفرد ہوتا ہے۔

کچھ لوگ سوچتے ہیں کہ ان کے مشکل تجربات انہیں تحفّظ کا حقدار بناتے ہیں مگر قانون کی نظر میں ایسا نہیں ہوتا۔

کچھ لوگ سوچتے ہیں کہ ان کے مشکل تجربات انہیں تحفّظ کا حقدار نہیں بناتے ہیں مگر قانون کی نظر میں ایسا نہیں ہوتا۔

### اپنے تجربے کے بارے میں کسی وکیل یا قانونی نمائندے سے مشورہ لینا ضروری ہے۔

سچ بتائیں۔ اس سے آپ کے وکیل یا قانونی نمائندے کو آپ کو بہترین مشورہ دینے میں مدد ملے گی۔

آپ کا وکیل یا قانونی نمائندہ آپ کو اگلے مرحلے کے بارے میں فیصلہ کرنے میں مدد کرے گا ۔

# میری فوری ضروریات

آپ کے پناہ گزینی کے دعوے کے عمل کے دوران فوری ضروریات اور مسائل حل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے، جیسے کہ:

- میں رہنے کے لیے سستی جگہ کیسے تلاش کروں؟
- میرے بچے اسکول کہاں جائیں گے؟
- مجھے ورک پرمٹ کیسے ملے گا؟
- میں نوکری کیسے تلاش کروں گا؟
- میں انگریزی یا فرانسیسی کہاں سیکھ سکتا ہوں؟
- میں صحت کی سہولیات کیسے حاصل کروں؟
- میں اپنے خاندان کو دوبارہ کب ملوں گا؟
- اگر کینیڈا مجھے پناہ گزینی کا تحفظ نہیں دیتا تو کیا ہوگا؟

یہ سوالات بہت اہم ہیں۔ ایک آبادکاری یا کمیونٹی ایجنسی آپ کو ان سوالات کے جوابات دینے میں مدد فراہم کر سکتی ہے اور آپ کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کو یقینی بنا سکتی ہے۔

**اپنی فوری ضروریات کو پورا کرتے ہوئے اپنے پناہ گزینی کے دعوے پر توجہ مرکوز رکھیں۔**

---

مدد کے لیے اپنے قریب کسی آبادکاری / کمیونٹی کارکن سے رابطہ کریں۔



# پناہ گزینی کے دعوے کا طریقہ کار کیا ہے؟

یہ آپ کے پناہ گزینی کے دعوے کے طریقہ کار کے اہم مراحل ہیں

کینیڈا کے پناہ گزینی کے تحفظ کے نظام کے بارے میں جانیئے

اگر ممکن ہو تو، قانونی نمائندگی حاصل کریں

اپنا پناہ گزینی کا دعوی شروع کریں

اپنے اہلیت کے انٹرویو میں حاظر ہوں

پناہ گزینی کے دعویدار بنیں


اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی سماعت کی تیاری کریں

اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی سماعت میں حاضری دیں

اپنے پناہ گزینی کے دعوے کا فیصلہ حاصل کریں اور اگلے اقدامات کریں

**اہم**

یہ اہم مراحل مختلف ترتیب میں ہو سکتے ہیں، اس کا انحصار اس پر ہے کہ آپ کہاں ہیں اور اپنے دعوے کا آغاز کیسے کرتے ہیں۔



## کیا میں پناہ گزینی کا دعوی کر سکتا ہوں؟

کینیڈا میں پناہ کے تحفظ کے خواہش مند شخص کو پناہ گزینی کا دعویدار کہتے ہیں۔

پناہ گزینی کا دعویدار بننے کے لیے آپ کو:

- کینیڈا یا کینیڈا کے کسی سرحدی داخلے کے مقام (ایئرپورٹ، سرحد، سمندری بندرگاہ) پر ہونا چاہیے
- پناہ گزینی کا دعویٰ کرنے کے لیے اہل (مجاز) ہونا چاہیے

**اہم**
اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ آیا آپ پناہ گزینی کے دعویدار بن سکتے ہیں، تو اپنا دعویٰ کرنے سے پہلے قانونی مشورہ لے لیں۔

# وہ وجوہات جن کی بنا پر ممکن ہے آپ پناہ گزینی کا دعویٰ کرنے کے اہل (مجاز) نہ ہوں

**پناہ گزین کی حیثیت**

- [ ] میں ایک دوسرے ملک میں کنونشن پناہ گزین کے طور پر رجسٹرڈ ہوں اور وہاں واپس جا سکتا ہوں۔

**ماضی میں**

- [ ] میں نے امریکہ، برطانیہ، آسٹریلیا، یا نیوزی لینڈ میں پناہ گزینی کا دعویٰ کیا تھا؛
- [ ] میں کینیڈا میں پناہ گزینی کا دعویٰ کر چکا ہوں، جو مسترد، ترک، یا واپس لے لیا گیا تھا؛
- [ ] مجھے پہلے بتایا گیا تھا کہ مجھے کینیڈا میں پناہ گزینی کا دعویٰ کرنے کی اجازت نہیں ہے؛ یا
- [ ] میرے پاس کینیڈا میں پہلے 'محفوظ شخص' کا درجہ تھا۔

**محفوظ تیسرے ملک کا معاہدہ/ سیف تھرڈ کنٹری ایگریمنٹ**

- [ ] میں کینیڈا کے سرحدی داخلے کے مقام پر گیا اور مجھے کینیڈا میں داخلے کی اجازت نہیں ملی کیونکہ میں محفوظ تیسرے ملک معاہدے سے استثنیٰ کے لیے اہل نہیں ہوں۔
- [ ] میں غیر سرکاری جگہ سے کینیڈا میں داخل ہوا، اور کینیڈا کے حکام نے دو ہفتے کے اندر مجھ سے ملاقات کی۔ مجھے کینیڈا چھوڑنا پڑا کیونکہ میں محفوظ تیسرے ملک معاہدے سے استثنیٰ کے لیے اہل نہیں ہوں۔

**عوامی تحفّظ**

- [ ] میں نے ایک سنگین جرم کیا ہے اور کینیڈا سوچ سکتا ہے کہ میں ایک خطرناک شخص ہوں۔

**کینیڈا سے اخراج**

- [ ] میرے پاس کینیڈا کی حکومت کی طرف سے ایک حکم نامہ ہے جس کے مطابق مجھے ملک چھوڑنا ہوگا۔

اگر آپ نے ان میں سے کسی بھی باکس کو چیک کیا ہے یا آپ کو کچھ شک ہے تو کسی وکیل یا قانونی نمائندے سے مشورہ کریں.

مزید جانیئے کہ کون پناہ گزینی کا دعویدار بن سکتا ہے۔

# وہ کون سے حکومتی ادارے ہیں جن سے میں رابطہ کر سکتا ہوں؟

آپ سب سے پہلے CBSA یا IRCC کے ساتھ کام کریں گے۔ یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ نے اپنا پناہ گزینی کا دعوی کہاں اور کیسے کیا۔

سرحدی داخلے کا مقام

## CBSA

**کینیڈا بورڈر سروسز ایجنسی**

- داخلے کے مقامات پر کنٹرول رکھتی ہے اور امیگریشن کے قوانین کو نافذ کرتی ہے۔
- یہ طے کرتی ہے کہ کیا آپ زمینی سرحد، ہوائی اڈے، یا سمندری بندرگاہ پر پناہ گزینی کا دعویٰ کر سکتے ہیں.

اندرون ملک

## IRCC

**امیگریشن، ریفیوجی اینڈ سٹیزنشپ کینیڈا**

- تارکین وطن اور پناہ گزینوں کی آمد کا انتظام کرتا ہے۔
- یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ کینیڈا میں رہتے ہوئے پناہ گزینی کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

## IRB

**امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا**

- امیگریشن اور پناہ گزینوں کے معاملات کا فیصلہ کرتا ہے
- چار ڈویژنوں کا انتظام کرتا ہے

**IRB-RPD (پناہ گزینوں کے تحفظ کا ڈویژن)**
- آپ کے پناہ گزینی کے تحفَظ کے دعوے کا فیصلہ کرتا ہے

**IRB-RAD (پناہ گزینوں کی اپیل ڈویژن)**
- پناہ گزینوں کے دعووں کے بارے میں IRB-RPD کے فیصلوں کی اپیلوں کا بندوبست کرتا ہے

**IRB-ID (امیگریشن ڈویژن)**
- اہلیت نیز حراست کی سماعتیں کرتا ہے

**IRB-IAD (امیگریشن اپیل ڈویژن)**
- امیگریشن کے معاملات میں کی گئی اپیلوں پر غور کرتا ہے

ان اہم سرکاری اداروں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

# میں وکیل یا قانونی نمائندہ کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟




اپنا پناہ گزینی کا دعویٰ شروع کرنے سے پہلے یا جلد از جلد قانونی مدد حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ پہلے ہی اپنا دعویٰ شروع کر چکے ہیں اور آپ کے پاس کوئی وکیل یا قانونی نمائندہ نہیں ہے، تو مدد کے لیے کسی سے رابطہ کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ کے پناہ گزینی کے دعوے کے دوران اور آپکی سماعت کے وقت ایک وکیل یا قانونی نمائندہ موجود ہو۔

**قانونی امداد کس طرح مدد کر سکتی ہے:**


آپ قانونی امداد یا کسی غیر منافع بخش تنظیم کے ذریعے مفت یا کم قیمت پر وکیل یا قانونی نمائندہ حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ کس صوبے میں رہتے ہیں اور آپ کی مخصوص صورتحال کیا ہے۔

**آبادکاری یا کمیونٹی ورکر آپ کی کس طرح مدد کر سکتا ہے:**

اپنے شہر یا علاقے میں وکیلوں یا قانونی نمائندوں کی فہرست کے لیے کسی آبادکاری ایجنسی یا کمیونٹی تنظیم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کے پاس وکیل یا قانونی نمائندہ کی فیس ادا کرنے کے لیے پیسے نہیں ہیں، تو پوچھیں کہ آیا آپ کے صوبے میں قانونی امداد موجود ہے۔ اگر نہیں، تو آپ کے خدمات فراہم کرنے والے شخص (سروس پرووائیڈر) کے پاس مفت یا کم قیمت قانونی مدد کے بارے میں معلومات ہو سکتی ہیں۔

جانیئے کہ جہاں آپ ہیں، وہاں وکیل یا قانونی نمائندہ کیسے تلاش کیا جا سکتا ہے۔

# میں ہوائی اڈے، بندرگاہ، یا سرحدی (داخلے کے مقام) پر پناہ گزینی کا دعویٰ کیسے کر سکتا ہوں؟



- [ ] CBSA افسر کو بتائیں کہ آپ پناہ گزینی کا دعویٰ کرنا چاہتے ہیں
- [ ] تمام شناختی دستاویزات تیار رکھیں
- [ ] اپنی انگلیوں کے نشانات اور اپنی تصاویر لیں (آپ کے بائیومیٹرکس)
- [ ] CBSA کے ساتھ اپنی اہلیت کا انٹرویو مکمل کریں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ آپ پناہ گزینی کے دعویدار بن سکتے ہیں یا نہیں
- [ ] اگر آپ دعویٰ کرنے کے اہل (مجاز) ہیں، تو اپنا RPID شناختی دستاویز اور BOC فارم حاصل کریں، یا آن لائن درخواست دینے کے لیے ہدایات حاصل کریں
- [ ] اپنا طبی معائنہ (IME) مکمل کریں
- [ ] اپنا BOC فارم مکمل کریں اور IRB-RPD کو جمع کرائیں
- [ ] اپنی سماعت کی تاریخ کا انتظار کرتے ہوئے، اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی تائید میں شواہد اکٹھے کریں اور جمع کروائیں

داخلے کے مقام پر پناہ گزینی کا دعویٰ کرنے کے بارے میں مزید جانیں۔

# اگر میں پہلے سے کینیڈا میں ہوں (اندرونِ ملک) تو پناہ گزینی کا دعویٰ کیسے کروں؟



- [ ] IRCC کے آن لائن پورٹل (ویب سائٹ) کا استعمال کر کے اپنا پناہ گزینی کا دعویٰ جمع کرائیں، جس میں آپ کا BOC(بی او سی) فارم اور آپ کی شناخت اور سفری دستاویزات کی نقول شامل ہوں
- [ ] اپنے دعوے کا تصدیقی خط حاصل کریں
- [ ] اپنا طبی معائنہ (IME) مکمل کریں
- [ ] اپنی بایومیٹرکس اپائنٹمنٹ پر جائیں (فنگر پرنٹس / تصاویر)
- [ ] IRCC کے ساتھ اپنی اہلیت کا انٹرویو کریں تاکہ یہ جان سکیں کہ کیا آپ پناہ گزینی کے دعویدار بننے کے اہل ہیں یا نہیں
- [ ] اگر آپ دعوی کرنے کے اہل (مجاز) ہیں، تو اپنا RPID شناختی دستاویز حاصل کریں
- [ ] اپنی سماعت کی تاریخ کا انتظار کرتے ہوئے اپنے دعوے کی تائید کے لیے شواہد اکٹھے کریں اور جمع کروائیں

اندرون ملک سے پناہ گزینی کا دعوی کرنے کے بارے میں مزید جانیئے۔



# میں اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی سماعت کی تیاری کیسے کروں؟

اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی حمایت کے لیے شواہد اکٹھے کرنے کا آغاز جلد از جلد کریں۔ اگر آپ کا کوئی وکیل یا قانونی نمائندہ ہے، تو ان سے پوچھیں کہ کون سے مخصوص شواہد آپ کے دعوے میں مددگار ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی یقینی بنائیں کہ آپ خود کو اور اپنے وکیل کو شواہد کا جائزہ لینے اور ترجمہ کرنے کے لیے مناسب وقت دیں۔

جتنی جلدی ہو سکے اپنے شواہد بھیجیں۔ تمام ثبوت آپ کی سماعت کی تاریخ سے کم از کم 10 دن پہلے جمع کرا دینے چاہیں۔

جانیۓ کہ کون سے شواہد آپ کے پناہ گزینی کے دعوے کی تائید کرتے ہیں۔

# قانونی مسائل اور میرے شواہد

آپ کی پناہ گزینی کی سماعت کے دوران کچھ اہم قانونی مسائل زیر بحث آسکتے ہیں۔ اپنی تیاری میں مدد کے لیے نیچے دی گئی چیک لسٹ کا استعمال کریں۔

اپنے وکیل یا قانونی نمائندے سے بات کی؟

اپنے ثبوت کا ترجمہ کر کے بھیج دیا؟



**شناخت**
دستاویزات کے ذریعے ثابت کروں کہ میں کون ہوں اور کہاں سے تعلق رکھتا ہوں

**ساکھ**
ثابت کروں کہ میں اپنی کہانی سچائی سے بیان کر رہا ہوں

**حقیقی خوف**
یہ ثابت کروں کہ مجھے ظلم و ستم کا حقیقی خوف ہے

**ذاتی خطرہ**
ثابت کروں کہ جو خطرہ مجھے ہے وہ ذاتی ہے، اور سب کے لیے عام نہیں

**کوئی سرکاری تحفظ نہیں**
یہ ثابت کروں کہ میری حکومت مجھے تحفّظ فراہم نہیں کر سکتی

**میرے ملک میں کوئی محفوظ جگہ نہیں**
یہ ثابت کروں کہ میں اپنے ملک میں کہیں بھی محفوظ زندگی نہیں گزار سکتا

**کسی دوسرے ملک میں قانونی رہائش (اگر کوئی ہے)**
یہ ثابت کروں کہ میں کسی دوسرے ملک میں محفوظ زندگی نہیں گزار سکتا، اگر میں وہاں کا شہری یا مستقل رہائشی ہوں

**جرم (اگر کوئی ہے)**
یہ ثابت کروں کہ میں نے کسی منظم یا سنگین جرم میں حصہ نہیں لیا

**دعویٰ کرنے میں تاخیر (اگر کوئی ہو)**
وضاحت کروں کہ میں نے اپنے ملک کو اس سے پہلے کیوں نہیں چھوڑا، کہیں اور دعویٰ کیوں نہیں کیا، یا کینیڈا پہنچتے ہی پناہ گزینی کا دعویٰ کیوں نہیں کیا

---

ان شواہد کی مثالیں دیکھیں جو آپ ان قانونی مسائل میں سے ہر ایک کے لیے جمع کرا سکتے ہیں۔



# میں اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی سماعت کے دوران کن باتوں کی توقع رکھ سکتا ہوں؟

**پناہ گزینی کے دعوے کے طریقہ کار کا اہم ترین مرحلہ آپ کی پناہ گزینی کی سماعت ہے۔**

IRB-RPD آپ کو ایک پیش ہونے کا نوٹس (نوٹس ٹو اپیئر) بھیجے گا جس میں آپ کی پناہ گزینی کی سماعت کی تاریخ درج ہو گی۔

آپ کی سماعت میں IRB-RPD کا ایک رکن آپ کے دعوے کو قبول یا مسترد کرنے کا فیصلہ کرے گا۔

اگرچہ آپ اپنی پناہ گزینی کی سماعت کے بارے میں فکر مند ہو سکتے ہیں، یہ یاد رکھنا مددگار ہے کہ IRB عدالت سے کم رسمی ہے۔ IRB-RPD کا رکن جج نہیں ہوتا۔ عوام کو آپ کی پناہ گزینی کی سماعت پر آنے کی اجازت نہیں ہوتی۔

آپ کی پناہ گزینی کی سماعت ایک پرائیویٹ جگہ پر اپنی کہانی سنانے کا بہترین موقع ہے۔ آپ سوالوں کے جوابات دیں گے تاکہ یہ وضاحت کر سکیں کہ آپ کو کینیڈا کے تحفّظ کی ضرورت کیوں ہے۔ سچ بتانا بہت ضروری ہے۔ کبھی بھی جواب گھڑنے کی کوشش نہ کریں۔ اگر آپ کو کسی چیز کا علم یا یقین نہیں ہے، تو بلا جھجک کہہ دیں۔

اگرچہ زیادہ تر پناہ گزینی کی سماعتیں ورچوئل (آن لائن) ہوتی ہیں، کچھ سماعتیں آمنے سامنے پیش ہو کر بھی ہو سکتی ہیں۔

## اہم

جتنی جلدی ممکن ہو، آن لائن ہیئرنگ ریڈی ٹور کے لیے سائن اپ کریں۔ اپنے ہیئرنگ ریڈی ٹور پر، آپ IRB-RPD کے عملے سے ملیں، اپنی پناہ گزینی کی سماعت کے لیے تیاری کرنے کا طریقہ سیکھیں، اور جانیں کہ آپ کی سماعت پر کون موجود ہو سکتا ہے۔ آپ پناہ گزینوں کے تحفّظ کے طریقہ کار کے بارے میں سوالات بھی پوچھ سکتے ہیں۔

اپنے آن لائن "ہیئرنگ ریڈی ٹور" کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں اور اس کے لیے سائن اپ کریں۔

# میرے پناہ گزینی کے دعوے کی سماعت پر کون کون ہوگا؟



**وہ لوگ جو آپ کی پناہ گزینی کی سماعت پہ موجود ہو سکتے ہیں:**

**پناہ گزینی کا دعویٰ کرنے والا:** (آپ)

**IRB-RPD کا رکن:** آپ کے پناہ گزینی کے دعوے کا فیصلہ کرتا ہے

**آپ کا وکیل یا قانونی نمائندہ:** آپ کی حمایت کرتا ہے اور آپ کا دعوی پیش کرنے میں آپ کی مدد کرتا ہے

**مترجم:** ترجمہ کرتا ہے تاکہ اگر آپ چاہیں، تو اپنی زبان میں بات کر سکیں

**گواہ:** آپ کی کہانی کی تصدیق اور گواہی کے لیے آپ کی سماعت کے دوران سوالوں کے جواب دیتے ہیں

**مبصرین:** جو آپ کی حمایت کرتے ہیں (خاندان کا فرد یا دوست جسے آپ مدعو کر سکتے ہیں)

**وزیر کے وکیل (IRCC یا CBSA):** آپ کی سماعت میں صرف اسی صورت میں آتے ہیں اگر وہ آپ کے پناہ گزینی کے دعوے کی مخالفت کریں (وہ آپ سے سوالات پوچھ سکتے ہیں یا دستاویزات مانگ سکتے ہیں)

**آپ کے بچے:** عمر کے لحاظ سے آپ کے بچوں کا آپ کی سماعت میں حاضر ہونا ضروری ہو سکتا ہے یا نہیں

اس بارے میں مزید جانیں کہ آپ کی پناہ گزینی کی سماعت میں کیا ہوگا۔



# مجھے کب اور کیسے معلوم ہوگا کہ میرا دعوی قبول ہو گیا ہے؟

آپ کی پناہ گزینی کی سماعت کے بعد، IRB-RPD کا رکن:

- آپ کو اپنا فیصلہ فوری طور پر سنائیں گے، یا
- اپنا فیصلہ ڈاک میں بھیجیں گے۔

کسی رکن کے لیے اپنا فیصلہ کرنے کا کوئی وقت مقرر نہیں ہے۔ اگر آپ کے فیصلے میں تاخیر ہوتی ہے، تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کا پناہ گزینی کا دعوی مسترد کر دیا جائے گا۔

یہ یقینی بنائیں کہ IRB-RPD کے پاس آپ کا درست پتہ ہو۔ آپ نہیں چاہیں گے کہ آپ کا فیصلے سے متعلق خط آپ تک نہ پہنچے!

---


اپنی پناہ گزینی کی سماعت کے فیصلے اور اگلے مراحل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔



# فیصلہ موصول ہونے کے بعد کے اگلے مراحل

### اگر میرا دعویٰ منظور ہو جائے تو آگے کیا ہو گا؟

اگر آپ کا دعویٰ قبول کر لیا جاتا ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ اب آپ کو کینیڈا میں محفوظ شخص یا روایتی پناہ گزین کی حیثیت حاصل ہے۔ اب آپ اپنی مستقل رہائش کی درخواست شروع کر سکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ CBSA یا IRCC 15 دِنوں کے اندر IRB-RPD کے فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو فوری طور پر اپنے وکیل یا قانونی نمائندے سے رابطہ کریں۔



### اگر میرا دعویٰ مسترد کر دیا جاتا ہے تو اس کے بعد کیا ہو گا؟

اگر آپ کا دعویٰ مسترد کر دیا جاتا ہے، تو آپ کو یہ دیکھنے کے لیے فوری کاروائی کرنی چاہیے کہ آپ کے قانونی اختیارات کیا ہیں۔

**آپ کا دعویٰ مسترد ہونے کی صورت میں لیے جانے والے اہم اقدامات:**

- [ ] فیصلے کو غور سے پڑھیں
- [ ] اس بات کو سمجھیں کہ آپ کے پاس محدود وقت ہے
- [ ] فوراً اپنے وکیل یا قانونی نمائندے سے بات کریں
- [ ] اپنے معاون لوگوں کے گروپ سے مدد حاصل کریں
- [ ] اپنے آپ کو باخبر رکھیں اور پُراُمید رہیں
- [ ] www.myrefugeeclaim.ca کی ویب سائٹ پر اپیل ریڈی ٹور میں شرکت کے لیے سائن اپ کریں تاکہ اپیل کے طریقہ کار کے مراحل اور آخری تاریخوں کے بارے میں جان سکیں

---

**اہم**

اگر آپ کا دعویٰ مسترد کر دیا جاتا ہے، تو فوراً اپنے وکیل یا قانونی نمائندے سے رابطہ کریں تاکہ آپ کے لیے بہترین حل پر بحث ہو سکے۔



## اگر مجھے حراست میں لے لیا گیا تو کیا ہوگا؟

CBSA کی طرف آپ کو حراست میں لیا جا سکتا ہے اگر انہیں یقین ہو کہ:

- آپ ان کی طلبی پر پیش نہیں ہوں گے
- آپ وہ نہیں ہیں جو آپ دعویٰ کرتے ہیں (یا آپ کے پاس شناخت ثابت کرنے کے لیے ثبوت نہیں ہیں)
- آپ کینیڈا میں لوگوں کے لیے خطرہ ہیں
- آپ کی وجہ سے جرائم یا عوامی تحفظ کو خدشات لاحق ہو سکتے ہیں

## اگر مجھے حراست میں لیا گیا تو میں کس سے بات کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو حراست میں لیا گیا، تو یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کو رہا کیا جا سکتا ہے، مقررہ اوقات پر حراستی نظر ثانی کی سماعتیں ہوں گی۔ آپ کو اپنی حراستی نظر ثانی میں قانونی نمائندگی کا حق حاصل ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنا قانونی نمائندہ خود تلاش کرنے کی ضرورت پڑے۔

اگر آپ کسی وکیل سے بات نہیں کر سکتے ہیں، تو CBSA سے کہیں کہ وہ آپ کا رابطہ کسی سیٹلمنٹ ایجنسی یا کمیونٹی تنظیم سے کرائے۔

---

### اہم

حراست میں لیئے گئے لوگوں کو حقوق حاصل ہیں۔ مثال کے طور پر، حراست کے دوران آپ کو طبی امداد حاصل کرنے، اپنے مذہب پر عمل کرنے، اور غیر سرکاری تنظیموں سے رابطہ کرنے کا حق ہے جو آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔

---

کینیڈا میں امیگریشن حراست سے متعلق مزید معلومات حاصل کریں۔

# وہ اقدامات جو میں اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی منظوری کے لیئے لے سکتا ہوں



کینیڈا میں پناہ گزینی کا دعویٰ کرنا آسان نہیں ہے۔ آپ اپنے مشکل حالات میں تنہا محسوس کر سکتے ہیں۔


آپ خود کو غیر محفوظ محسوس کر سکتے ہیں اور نہیں جانتے کہ کس پر بھروسہ کرنا ہے۔ ہو سکتا ہے آپ کو معلوم نہ ہو کہ کون سی معلومات درست ہیں اور کون سی غلط۔

آپ اگلا قدم اٹھانے کے بارے میں تذبذب کا شکار ہو سکتے ہیں۔

اپنے پناہ گزینی کے دعوے کے طریقہ کار میں مدد کے لیے یہ تین اہم اقدامات کریں:



معلومات حاصل کریں



رابطے میں رہیں



تیاری کریں

# معلومات حاصل کریں

پناہ گزینی کے تحفظ کے لیے یہ آپ کا اپنا دعویٰ ہے۔ اس لیے یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ معلومات حاصل کریں اور اپنی صورتحال پر قابو پائیں۔ سوالات پوچھیں۔ اپنی مدد کے لیے درکار معلومات حاصل کریں۔

اپنے پناہ گزینی کے دعوے کے عمل سے پہلے اور اس کے دوران، کینیڈا کے پناہ گزینوں کے تحفظ کے طریقہ کار کو بہتر طور پر جاننے کے اقدامات اختیار کریں.

یہ بات یقینی بنائیں کہ آپ کی معلومات قابل اعتماد ذرائع سے حاصل کی گئی ہیں اور غلط معلومات سے محتاط رہیں۔

**اپنے آپ کو آگاہ کرنے کے لیے میرے اقدامات**

- [ ] www.myrefugeeclaim.ca کی ویب سائٹ پر جا کے معلومات حاصل کروں
- [ ] یہ جانوں کہ میں پناہ گزینی کے دعوے کے کس مرحلے پہ ہوں اور میرے اگلے اقدامات کیا ہیں
- [ ] تین سرکاری ایجنسیوں کے بارے میں جانوں: IRB، IRCC، CBSA
- [ ] IRB کی ویب سائٹ پر دعویدار کے رہنما ہدایت نامے کا مطالعہ کروں۔
- [ ] IRCC کی ویب سائٹ پر "کینیڈا میں پناہ گزین کی حیثیت پانے کا دعوی کیسے کریں" کا صفحہ دیکھوں
- [ ] پناہ گزینی کے دعویداروں کے لیے پروگراموں اور تقریبات میں حصہ لوں، جیسے کہ سپورٹ گروپس اور تعلیمی ورکشاپس

یہ معلومات بہت زیادہ ہیں، لیکن آپ یہ کر سکتے ہیں!


**یہ طریقہ کار وقت لیتا ہے۔ اس وقت آپ جس مرحلے پر ہیں اس پر توجہ مرکوز کریں۔ جانیں کہ آگے کیا ہونا ہے۔ قدم بہ قدم آگے بڑھیں۔**

---

**اہم**

اس طریقہ کار کے کچھ مراحل میں آپ بہت سے دوسرے کام کرنے میں مصروف ہوں گے۔ دوسری طرف، کچھ اوقات میں آپ کو طویل عرصے تک انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔ اپنے انتظار کے وقت کو سیکھنے اور معلومات حاصل کرنے میں استعمال کریں۔

# رابطے میں رہیں



ان لوگوں کے ساتھ رابطہ قائم کریں جو آپ کے پناہ گزینی کے دعوے کے سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

**میرے رابطہ قائم کرنے کے اقدامات**

- [ ] ایک وکیل یا قانونی نمائندہ حاصل کروں۔
- [ ] اپنے آس پاس کی آبادکاری / کمیونٹی ایجنسیوں سے تعلق قائم کروں۔
- [ ] حمایت کے لیے اپنے اردگرد لوگوں کا ایک گروپ بناؤں
- [ ] CBSA، IRCC، اور IRB-RPD کے ساتھ اپنے رابطے کی تازہ ترین تفصیلات رکھوں
- [ ] ریڈی ٹور میں شرکت کروں تاکہ IRB کے عملے کے رکن سے ملاقات کروں اور اپنے پناہ گزینی کے دعوے اور اپیل کے عمل کے بارے میں سوالات کر سکوں۔

**میرے معاون لوگوں کے نام اور رابطے کی معلومات یہ ہیں:**

| | |
|---|---|
| میرا وکیل یا قانونی نمائندہ | میرا سیٹلمنٹ / کمیونٹی ورکر |
| میرا دوست یا خاندان کا فرد | دیگر |

اپنی رہائش کے قریب اہم رابطے اور حمایتی ڈھونڈیں۔

# تیاری کریں

پناہ گزینی کا دعویٰ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اقدامات لیں اور تیاری احتیاط سے کریں۔

آپ کو ہر مرحلے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ سب سے اہم دستاویز BOC فارم ہے جہاں آپ اپنی کہانی درج کرتے ہیں۔ سب سے اہم موقع آپ کی پناہ گزینی کی سماعت ہے، جہاں آپ اپنی کہانی IRB-RPD کے رکن کے سامنے بیان کرتے ہیں۔ آپ کی سماعت کے دوران، رکن آپ کے پناہ گزینی کے دعوی کا فیصلہ کرتا ہے۔

## تیاری کے لیے میرے اقدامات

- ☐ اپنے وکیل یا قانونی نمائندے سے ملاقات کر کے اپنے دستاویزات، شواہد اور گواہی کی تیاری کرنا
- ☐ اپنی کہانی کی تائید کے لیے شواہد اکٹھے کرنا
- ☐ اپنی پناہ گزینی کی سماعت کی تیاری کے لیے ہیئرنگ ریڈی ٹور میں شرکت کرنا
- ☐ اپنی اہم تاریخوں اور ڈیڈ لائنز (آخری تاریخوں) کا خیال رکھنا
- ☐ اپنے تمام دستاویزات، جیسے کہ پناہ گزینی کے دعوے کے دستاویزات کی کاپی، کو منظم اور اپنی پہنچ میں رکھنا
- ☐ اپنے دعوے میں اہم قانونی مسائل کو سمجھنا: شناخت، سچائی، ذاتی خوف، اور دیگر
- ☐ توجہ دینا، دستاویزات کا جائزہ لینا، خود تحقیق کرنا اور سوالات پوچھنا

اپنے پناہ گزینی کے دعوے کی تیاری کرنے کا طریقہ جانیں۔

# میرے پناہ گزینی کے دعوے کی اہم تاریخیں اور حتمی وقت

## داخلے کی گزرگاہ یعنی سرحدی پوائنٹ پر دعویٰ

| | |
|---|---|
| کینیڈا میں داخل ہونے کی تاریخ | BOC فارم جمع کرانے کی تاریخ |
| اہلیت کا انٹرویو | شواہد اور گواہ پیش کرانے کی تاریخیں |
| بایومیٹرک اپائنٹمنٹ | IRB-RPD کی پناہ گزینی سماعت کی تاریخ |
| IME اپائنٹمنٹ | |

## اندرون ملک دعویٰ

| | |
|---|---|
| آن لائن پورٹل کی اختتامی تاریخ | اہلیت کا انٹرویو |
| پورٹل پر اپنا دعویٰ جمع کرانے کی تاریخ | شواہد اور گواہ پیش کرانے کی تاریخیں |
| بایومیٹرک اپائنٹمنٹ | IRB-RPD کی پناہ گزینی سماعت کی تاریخ |
| IME اپائنٹمنٹ | |



## اہم حکومتی رابطے

IRB, IRCC اور CBSA کے قومی، صوبائی اور علاقائی رابطوں کی معلومات حاصل کریں۔



## کمیونٹی کے ذرائع

اپنی قریب ترین آبادکاری اور کمیونٹی ایجنسیوں سے رابطہ کریں۔

## میرے نوٹس

میرے پناہ گزینی کے دعوے کے مالی مددگار

The Notary Foundation · Legal Aid BC · The Houssian Foundation · Alberta Law Foundation · The Law Foundation of British Columbia · The Law Foundation of Ontario · UNHCR Canada · British Columbia WelcomeBC

قانونی جائزہ: الاسٹیر کلارک، کلارک امیگریشن لاء
Exchange Language Services (ELS) نے ترجمہ مکمل کیا

ڈیزائن اور خاکہ: اینڈریا آرمسٹرانگ

# میرا پناہ گزینی کا دعویٰ

www.myrefugeeclaim.ca کی ویب سائٹ پر پناہ گزینی کے دعوے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

kinbrace
REFUGEE HOUSING & SUPPORT

وینکوور، بی سی، میں مقیم کنبریس (Kinbrace) کمیونٹی پناہ گزینی کے دعویداروں کا خیرمقدم کرتی ہے جس میں رہائش، رفاقت، روزگار، اور عوامی قانونی تعلیم کے وسائل شامل ہیں۔ ہر پناہ گزینی کے دعویدار کے لیے ہماری سوچ خوش آمدید ماحول، ہم صحبت برادری اور مواقع سے بھرپور زندگی ہے۔